24-07-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

ا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے پرچہ لیک معاملہ پر جلد از جلد امتحانات کرانے اور بروقت اقدامات پرزوردیا۔

۲۔کابینہ کمیٹی نے پی ایم گتی شکتی اسکیم کے تحت بلاری۔گنتکل ریلوے لائن میں توسیع کومنظوری دی ہے۔

۳۔تلنگانہ کے وزراعلیٰ ریونت ریڈی نے او آر آر کی غیر استعمال شدہ زمین اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کیلئے مختص کرنے کی ہدایت دی۔

۴۔تلنگانہ بی جے پی کے صدر این رام چندر راؤ نے فیس ری ایمبر سمنٹ میں تاخیر کا وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر الزام لگایا۔

۵۔بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے دہلی میں احتجاج کرر ہے نوجوانوں سے اظہارِ یکجہتی کیلئے اندرا پارک پر دھرنے کی قیادت کی۔

SC-NTA:

سپریم کورٹ نے مرکزی حکومت اور نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) کو ہدایت دی ہے کہ وہ نیٹ۔یو جی پرچہ لیک معاملہ کے بعد اصلاحات کے نفاذ میں ہونے والی پیش رفت پر مفصل حلف نامہ داخل کریں۔جسٹس پی ایس نرسمہا اور جسٹس آلوک آرادھے پر مشتمل بنچ نے سماعت کے دوران کہا کہ حلف ناموں میں یہ واضح کیا جائے کہ اصلاحات کو عارضی اقدامات کے بجائے مستقل ادارہ جاتی نظام کی شکل دینے کے لئے کیا اقدامات کئے گئے ہیں۔بنچ نے کہا کہ وہ اس

معاملہ کی مسلسل نگرانی کرے گی اور پیشرفت کا باقاعدہ جائزہ لے گی۔ عدالت عظمیٰ نے مرکزی حکومت سے یہ بھی دریافت کیا کہ امتحانی نظام کو مکمل طور پر آن لائن طریقہ کار پر منتقل کرنے کے لئے کیا اقدامات کئے جارہے ہیں۔ مرکزی حکومت کی جانب سے سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے عدالت کو بتایا کہ حکومت طلبہ کے خدشات دور کرنے کے لئے دس قدم آگے بڑھ کر کام کررہی ہے۔ انہوں نے عدالت سے مزید وقت بھی طلب کیا تاکہ حکومت کا جامع موقف پیش کیا جاسکے۔ اس معاملہ کی آئندہ سماعت 27 جولائی کو ہوگی۔

NSD

PM

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پرچہ لیک واقعہ کے بعد گزشتہ ڈھائی ماہ کے دوران متعدد اہم اقدامات کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملہ میں ملوث افراد کو گرفتار کرکے جیل بھیج دیا گیا ہے۔ گزشتہ شب جاری اپنے ویڈیو پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کی اولین ذمہ داری یہ تھی کہ طلبہ کا ایک تعلیمی سال ضائع نہ ہو، اسی لئے امتحانات جلد از جلد منعقد کرانا ضروری تھا۔ انہوں نے کہا کہ پرچہ لیک کوئی معمولی معاملہ نہیں بلکہ لاکھوں طلبہ اور ان کے والدین کے لئے انتہائی تکلیف دہ مسئلہ ہے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ انہوں نے متعلقہ محکموں کو فاسٹ ٹریک عدالتوں کے قیام سے متعلق تجویز تیار کرنے کی ہدایت دی تھی، جس کا مسودہ محکموں نے مسلسل کام کے بعد گزشتہ رات انہیں پیش کردیا۔ انہوں نے کہا کہ پیر سے پارلیمنٹ کے دوسرے ہفتہ کا آغاز ہو رہا ہے اور حکومت ہر ممکن کوشش کرے گی کہ متعلقہ بل کو جلد از جلد ایوان سے منظور کرایا جائے۔

NSD

SIR

سابق رکن اسمبلی اور عادل آباد پارلیمانی حلقہ کے ایس آئی آر انچارج آر ے پلی موہن نے کانگریس کارکنوں پر زور دیا ہے کہ وہ آصف آباد ضلع میں ووٹر فہرست کی خصوصی نظر ثانی ایس آئی آر کا عمل سو فیصد مکمل کرانے کو یقینی بنائیں۔انھوں نے ڈی سی سی صدر سوگنا کی قیادت میں جینور اور آصف آباد میں جاری عمل کا جائزہ لیا اور پارٹی کارکنوں کو ہدایت دی کہ وہ فیلڈ سطح پر ذمہ داری کے ساتھ نگرانی کریں،غلطیوں کی روک تھام کریں اور اہل شہریوں کو بروقت درخواستیں داخل کرنے میں تعاون فراہم کریں۔

PTC/K.ASF

Yadadri

یادادری بھونگیر ضلع کے یوتھ اینڈ اسپورٹس آفیسر جے شیام سندر نے اعلان کیا ہے کہ اسپورٹس اتھارٹی آف تلنگانہ کے تحت ضلع ہنمکنڈہ اسپورٹس اکیڈمی کے ریجنل اسپورٹس ہاسٹل میں داخلوں کے لئے انتخابی عمل رواں ماہ کی 27 اور 28 تاریخ کو جے این اسٹیڈیم میں منعقد ہوگا۔ اتھلیٹکس ، ہینڈ بال، کشتی، جمناسٹکس اور سوئمنگ میں مقررہ عمر کے اہل لڑکے اور لڑکیاں اپنے اصل دستاویزات،فوٹو کاپیاں اور تصاویر کے ساتھ شرکت کر سکتے ہیں۔

PTC/YB

Nalgonda

نلگنڈہ منڈل کے اسپیشل آفیسر اور محکمہ مویشیاں کے جوائنٹ ڈائرکٹر ڈاکٹر جی وی رمیش نے رسول پورم میں منعقدہ ایک بیداری پروگرام کے دوران کسانوں کو مشورہ دیا کہ وہ ایل نینو کے ممکنہ اثرات کو

مدنظر رکھتے ہوئے فصلوں میں تنوع اختیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ مانسون کے دوران بارش میں کمی اور زیرِ زمین پانی کی سطح کم ہونے کا خدشہ ہے، اس لئے کسان بورویل کے ذریعہ دھان کی کاشت کم کریں اوراس کے بجائے ارہر، اُڑد، تل اور سبزیوں جیسی متبادل فصلیں اگائیں۔

PTC/NLG

CM-REVIEW:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے وزراء پونم پربھاکر اور پونگولیٹی سرینواس ریڈی کے ساتھ جائزہ اجلاس میں عہدیداروں کو ہدایت دی کہ حیدرآباد CURE منصوبہ کے تحت اندراماں مکانات رہائشی علاقوں کے اندر تعمیر کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ آؤٹر رنگ روڈ کے اندر موجود غیر استعمال شدہ سرکاری اراضی کو یکجا کیا جائے تاکہ غریب خاندانوں کو روزگار کے مراکز کے قریب رہائش فراہم کی جاسکے۔ پہلے مرحلہ میں 17 اسمبلی حلقوں میں 7 ہزار 680 فلیٹس تعمیر کئے جائیں گے۔ ہر 528 مربع فٹ کے فلیٹ کی لاگت 11 لاکھ روپے ہوگی، جس میں حکومت 5 لاکھ روپے اور زمین کی لاگت برداشت کرے گی جبکہ مستفیدین 6 لاکھ روپے ادا کریں گے۔

PTC/HYD

RAMCHANDER RAO

تلنگانہ بی جے پی کے صدر این رام چندر راؤ نے آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر الزام عائد کیا کہ فیس ری ایمبرسمنٹ کی بقایاجات ادا نہ کرنے کے باعث وہ ریاست کے طلبہ کے مستقبل کو خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ 20 لاکھ سے زائد ایس سی، ایس ٹی، بی سی اور ای بی سی طلبہ کی فیس کی بقایاجات ادا نہ ہونے کے سبب ان کے تعلیمی

اسناد روک دئے گئے ہیں جس کی وجہ سے وہ نہ ملازمت حاصل کر پا رہے ہیں اور نہ ہی اعلیٰ تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔ انہوں نے اس معاملہ پر وزیر اعلیٰ سے استعفی کا مطالبہ بھی کیا۔

Desk

GOSHALA

بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے ایل بی نگر کے بیرامل گوڑہ میں واقع شری ہنومان گوشالہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندو دھرم اور ہندوستانی تہذیب میں گائے کو مقدس مقام حاصل ہے۔ انہوں نے ریاست میں گاؤکشی کے خلاف موجود قوانین پر سختی سے عمل درآمد کا مطالبہ کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ وہ گاؤکشی کی روک تھام اور معاشرہ کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کریں۔

Desk

JUPALLY-SIR

سیاحت و ثقافت کے وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کولہا پور میں ووٹر فہرست کی خصوصی نظر ثانی ایس آئی آر کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس عمل کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے فارم بروقت جمع کرائیں۔ انہوں نے بی ایل ایز، بی ایل اوز اور پارٹی کارکنوں کو باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت دی تا کہ کوئی بھی اہل ووٹر فہرست سے محروم نہ رہے۔ وزیر نے شفافیت پر زور دیتے ہوئے فارموں کی جلد از جلد وصولی اور غلطیوں سے پاک ڈیجیٹائزیشن کی ہدایت دی، جبکہ بی ایل اوز سے کہا کہ غیر حاضر ووٹروں سے فون پر رابطہ کر کے انہیں درخواستیں جمع کرانے میں مدد فراہم کریں۔

Desk

HARISH RAO

سابق وزیر اور بی آر ایس قائد ہریش راؤ نے آلیر اسمبلی حلقہ کے سولے پیٹہ سب اسٹیشن کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ لاگ بکس سے ثابت ہوتا ہے کہ کانگریس حکومت کسانوں کو صرف 12 گھنٹے بجلی فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے حکومت پر برقی اور پینے کے پانی کی فراہمی میں ناکامی کا الزام عائد کرتے ہوئے برقی گھروں کی بندش اور پینے کے پانی کی قلت پر تشویش ظاہر کی۔ ہریش راؤ نے فوری طور پر کسانوں کے لئے 24 گھنٹے برقی کی بحالی، مشن بھاگیرتھا کے تحت روزانہ پینے کے پانی کی فراہمی اور متاثرہ خاندانوں کو ریتو بیمہ اسکیم کی زیر التوا رقم جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔

Desk

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے اندرا پارک میں پارٹی قائدین کے ہمراہ احتجاج کی قیادت کی۔ یہ احتجاج دہلی میں مرکزی حکومت کی کارروائیوں کے خلاف مظاہرہ کرنے والے نوجوانوں اور طلبہ سے اظہارِ یکجہتی کے لئے کیا گیا۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے ساتھ محاذ آرائی سے گریز کیا جائے۔ کے ٹی آر نے پرچہ لیک کے واقعات، روزگار کے وعدے پورے نہ ہونے اور طلبہ کے خلاف پولیس کارروائی پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ اور طلبہ کے خلاف درج مقدمات واپس لینے کا مطالبہ کیا، جبکہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے یہ سوال بھی کیا کہ وہ اس احتجاج کی مخالفت کیوں کر رہے ہیں، حالانکہ یہ ایک غیر سیاسی طلبہ تحریک ہے۔

PTC/HYD/Desk

KOMATIREDDY

ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے آلیر کے رکنِ اسمبلی اور سرکاری وہپ بی ایلیا کے ہمراہ یادادری بھونگیر ضلع میں موتھکور۔راجنا گوڑم سڑک کے نامکمل تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا۔ وزیر نے تعمیر میں تاخیر کے باعث پیش آنے والے حادثات پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے ٹھیکداروں اور متعلقہ عہدیداروں کو خبردار کیا کہ غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔انھوں نے ہدایت دی کہ خشک موسم سے فائدہ اٹھاتے ہوئے رولنگ اور بلیک ٹاپ سڑک کی تعمیراتی سرگرمیاں تیز کی جائیں اور یقین دہانی کرائی کہ دو ماہ کے اندر کام مکمل ہونے پر ٹھیکیداروں کے بل فوری جاری کیے جائیں گے۔

PTC/YB

CJP

مرکزی وزراء جے پی نڈا اور ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج نئی دہلی میں سی جے پی کے وفد سے ملاقات کی۔ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جے پی نڈا نے کہا کہ وفد کے امتحانی نظام میں اصلاحات سے متعلق مطالبات کو تفصیل سے سنا گیا۔انھوں نے بتایا کہ وفد نے تین اہم مطالبات پیش کیے اور امتحانی پرچوں کے افشا کو روکنے کے لئے چند اصلاحی تجاویز بھی دیں۔نڈا نے کہا کہ حکومت کل ایک بار پھر وفد کے ساتھ مذاکرات کا اگلا دور منعقد کرے گی۔

NSD

MAHESH

ٹی پی سی سی کے کارگزار صدر و رکنِ قانون ساز کونسل مہیش کمار گوڑ نے بی آر ایس لیڈر کے ٹی راما راؤ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ جس پارٹی نے ماضی میں دھرنا چوک کو ختم کیا، اس کا آج

سیاہ لباس پہن کر احتجاج کرنا مضحکہ خیز ہے۔ انہوں نے کے ٹی آر سے معافی کا مطالبہ کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ ماضی میں پرچہ لیک کے واقعات کے باعث طلبہ کی اموات ہوئیں اور طلبہ پر زور دیا کہ وہ بی آر ایس کی سیاسی ڈرامہ بازی کو مسترد کریں۔

PTC/HYD

VAISHNAW

مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ حکومت نے ٹی وی ریٹنگ پالیسی 2026 جاری کر دی ہے، جس میں ہندوستان میں ٹیلی ویژن ریٹنگ کے نظام کو منظّم کرنے کے لئے جامع رہنما اصول وضع کئے گئے ہیں۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں مرکزی وزیر نے بتایا کہ اس پالیسی کے تحت ٹی وی ریٹنگ خدمات فراہم کرنے والی ایجنسیوں کی رجسٹریشن، فعالیت، آڈٹ اورنگرانی کے لئے واضح معیارات مقرر کئے گئے ہیں، تاکہ ناظرین کی پیمائش کے نظام میں شفافیت، خودمختاری اور جوابدہی کو یقینی بنایا جا سکے۔

NSD

BC-SKILL

تلنگانہ بی سی ایمپلائی بلیٹی اسکل ڈیولپمنٹ اینڈ ٹریننگ سنٹر نے مسابقتی امتحانات جیسے گروپ ون تا گروپ فور، بینکنگ، ایس ایس سی، آر آر بی اور پولیس میں بھرتی امتحان کی 12 ٹی جی وی سی اسٹیڈیز سرکل پر 125 دنوں پر مشتمل مفت فاؤنڈیشن کوچنگ پروگرام کیلئے اہل بی سی، ایس سی، ایس ٹی اور دیگر امیدواروں سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔ ایسے گریجویٹس جن کے خاندان کی سالانہ آمدنی صراحت کردہ اصول کے تحت ہے وہ 25 جولائی سے 14 اگست

2026ء تک ویب سائٹ www.tgbcstudycircle.cgg.gov.in پر درخواست دے سکتے ہیں۔منتخب امیدواروں کو حاضری کی بنیاد پر ماہانہ ایک ہزار روپے اسٹائی فنڈ دیا جائیگا۔

Desk

CABINET

اقتصادی امور پر کابینہ کمیٹی نے دو اہم منصوبوں کو منظوری دی ہے۔کرناٹک کے بلاری گنتکل سیکشن کی تیسری اور چوتھی لائن اور آندھراپردیش کو پی ایم  گتی شکتی نیشنل ماسٹر پلان کے تحت ترقی دی جائے گی۔ 1.264 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے اس پروجکٹ سے ہندوستانی ریلوے کے حدود میں 46 کلومیٹر کا اضافہ ہوگا اور اس سے 99 دیہاتوں کو فائدہ پہنچے گا۔کابینہ نے بھویا رسائن اسکیم کو بھی منظوری دی جس کے تحت پانچ برسوں یعنی 2026ء سے 31 تک 3,030 کروڑ روپے کی لاگت سے تین کیمیکل پارکس قائم کئے جائیں گے جس میں ریاست کو ہر پارک کیلئے 500 کروڑ روپے اپنا رول ادا کرنا ہوگا۔

NSD